# انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ ، راولپنڈی

## نوٹیفیکیشن

بحوالہ PBCC نوٹیفکیشن نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2025/7/2 مورخہ 28-08-2025 جملہ متعلقین کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ بورڈز کے زیر انتظام منعقد ہونے والے امتحان انٹرمیڈیٹ Second Annual مورخہ 29-10-2025 سے شروع ہوگا۔ جس کیلئے بورڈ ہذا میں آن لائن داخلہ فارمز مع امتحانی فیس مع ہارڈ کاپی / کٹ لسٹ کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

### شیڈول برائے وصولی داخلہ فارم مع فیس

| نمبر شمار | شیڈول | ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران |
|---|---|---|
| 01 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 20-09-2025 تا 30-09-2025 |
| 02 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 01-10-2025 تا 07-10-2025 |
| 03 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 08-10-2025 تا 13-10-2025 |
| 04 | تین گنا فیس اور مبلغ -/200 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ | 14-10-2025 تا 16-10-2025 |
| 05 | تین گنا فیس مع مبلغ -/200 روپے یومیہ جرمانہ اور امتحان شروع ہونے سے 10 ایام قبل تک مبلغ -/500 روپے ( کل مبلغ -/700 روپے ) یومیہ جرمانے کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ | 17-10-2025 تا 18-10-2025 |

### فیس کی شرح

| گروپ | (ریگولر امیدواران کے لئے) پارٹ-I (گیارہویں) | پارٹ-II (بارہویں) | کمپوزٹ | (پرائیویٹ امیدواران کے لئے) پارٹ-I (گیارہویں) | پارٹ-II (بارہویں) | کمپوزٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آرٹس | Rs.850/- | Rs.850/- | Rs.1700/- | Rs.900/- | Rs.900/- | Rs.1800/- |
| سائنس / آرٹس مع عملی | Rs.870/- | Rs.870/- | Rs.1740/- | Rs.950/- | Rs.950/- | Rs.1900/- |
| رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ) | ----- | ----- | ----- | Rs.1000/- | ----- | Rs.1000/- |
| سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ) | ----- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | ----- | Rs.1000/- | Rs.1000/- |
| داخلہ فارم پروسیسنگ فیس | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- | Rs.1000/- |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | ----- | ----- | ----- | Rs.350/- | Rs.350/- | Rs.350/- |
| سکالرشپ فیس | ----- | ----- | ----- | Rs.250/- | Rs.250/- | Rs.250/- |
| پوسٹل سروس چارجز | ----- | ----- | ----- | Rs.300/- | Rs.300/- | Rs.300/- |

### مضمون «علوم السنہ شرقیہ» گروپ

| داخلہ فیس | رجسٹریشن فیس | پروسیسنگ فیس | سرٹیفکیٹ فیس | متفرق فیس |
|---|---|---|---|---|
| RS.1000/- | RS.1000/- | RS.1000/- | RS.1000/- | Rs.900/- |

### ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات / پرائیویٹ امیدواران

1. پہلی مرتبہ امتحان میں شرکت کرنے والے تمام پرائیویٹ امیدواران داخلہ فیس اور پراسیسنگ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس مبلغ -/1000 روپے جمع کرائیں گے۔ پارٹ-II پرائیویٹ امیدواران اور کمپوزٹ میں پہلی بار شرکت کرنے والے سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/1000 روپے جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔
2. ایڈیشنل مضامین اور مارکس ایمپرودمنٹ کرنے والے امیدواران داخلہ فیس مع پروسیسنگ فیس مبلغ -/1000 کے ساتھ سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/1000 روپے بھی جمع کروائیں گے۔
3. دوسرے بورڈز سے NOC لے کر آنے والے پرائیویٹ امیدواران مبلغ -/1000 روپے رجسٹریشن فیس جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔
4. پرائیویٹ امیدوار داخلہ آن لائن کرنے کے بعد (MCB) بنک میں یا آن لائن 1Bill/Link کے ذریعے مطلوبہ فیس جمع کرانے اور تصدیق شدہ داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی بورڈ کے سہولت سینٹر واقع بورڈ کیمپس مورگاہ، راولپنڈی میں دستی یا بذریعہ رجسٹرڈ بھجوائے گا۔ کسی بھی دشواری کی صورت میں امیدوار اپنے مکمل دستاویزات کے ساتھ بورڈ آفس / متعلقہ برانچ سے رابطہ کرے۔
5. ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ دیگر امیدواران (پرائیویٹ / ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔
6. ریگولر / پرائیویٹ اُمیدواران داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ سے آن لائن کرنے کے بعد (MCB) بنک میں یا آن لائن 1Bill/Link کے ذریعے مطلوبہ فیس جمع کرانے کے بعد ڈاؤن لوڈ کریں گے۔ مزید معلومات کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk وزٹ کریں۔
7. اگر کوئی امیدوار / امیدوارہ داخلہ فیس جمع کروانے کے بعد فیس کی رسید اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی مقرر شیڈول میں ارسال نہیں کرتا تو ایسے امیدواران کو Missing of Hardcopy کے قواعد کے تحت فیس مبلغ -/3500 روپے جمع کروانی ہوگی۔ اس کے بعد رولنمبر سلپ جاری کی جائے گی۔

CS CamScanner

8 تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات Creation of Batch کے بعد فیس جمع کروانے سے پہلے اگر Batch ختم (Delete) کرنا چاہیں تو بغیر فیس کے Batch ختم (Delete) کر سکتے ہیں۔ فیس جمع کروانے کے بعد Batch ختم (Delete) نہیں ہو سکے گا۔

9 بحوالہ دفتری حکمنامہ نمبر CE/2662/23 مورخہ 02-10-2023 کی روشنی میں بروقت فیس جمع کروانے کی صورت میں پرائیویٹ ایڈمیشن فارم اور ریگولر کٹ لسٹ دفتر ہذا میں مقررہ تاریخ کے بعد 03 ایام کی رعایت دی جائے گی۔

10 تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات بورڈ فیصلہ کے مطابق (12th) رزلٹ گزٹ فیس مبلغ -/1000 روپے اور پوسٹل سروسز چارجز فیس مبلغ -/500 روپے جمع کرانے کا پابند ہوں گے۔

11 تمام پرائیویٹ اُمیدواران داخلہ فیس کے ساتھ سروسز چارجز کی مد میں مبلغ -/300 روپے، ڈیولپمنٹ فنڈ -/350 روپے اور سکالرشپ فیس -/250 روپے جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

12 ریگولر ادارے (سرکاری/الحاق شدہ) اپنے امیدواران کے ہر لحاظ سے مکمل ایڈمیشن کٹ لسٹ (کم ازکم 80 گرام پیپر A-4 سائز پر) پرنٹ نکالنے کے بعد ایڈمیشن کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی مع (MCB) بنک میں جمع شدہ فیس چالان یا آن لائن 1Bill/Link کی جمع شدہ رسید بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی کی انٹر برانچ میں امیدواران کی کٹ لسٹیں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں گے۔

13 ایسے امیدواران جنہوں نے HSSC پاس کر لیا ہو۔ اگر ایڈیشنل سائنس / آرٹس پریکٹیکل مضامین کے ساتھ دینا چاہتا ہے تو دے سکتا ہے۔ اس کے لیے کسی نئی رجسٹریشن یا کسی ادارے میں ری ایڈمشن کی ضرورت نہیں ہوگی۔

14 نئے الحاق شدہ ادارہ جات کو اکیڈمک برانچ کی طرف سے جاری مراسلہ / ادارہ کوڈ جاری ہونے کے 10 ایام کے اندر اندر اپنے اُمیدواران کے داخلہ کی کٹ لسٹیں سنگل فیس کے ساتھ جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ بصورت دیگر مقررہ تاریخ کے بعد جو بھی فیس کا شیڈول چل رہا ہوگا اُس کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔

15 پنجاب کے تمام اطلاع کے جیل خانہ جات میں قید تمام قیدی اُمیدواران کو امتحانی فیس سے استثنیٰ حاصل ہے۔ (یہ رعایت صرف سنگل فیس کے ساتھ حاصل ہوگی۔)

sd/=
سیکرٹری

نمبر: M.S./198/2025 مورخہ: 19/09/2025

کاپی برائے اطلاع وضروری کارروائی:-

1. ڈائریکٹر (کالجز) اٹک، چکوال، جہلم، راولپنڈی۔
2. ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) اٹک، چکوال، جہلم، راولپنڈی۔
3. چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) اٹک، چکوال، جہلم، راولپنڈی۔
4. منیجر حبیب بینک رحمٰن آباد مری روڈ راولپنڈی۔
5. پی۔ آر۔ او بورڈ ہذا۔ (برائے اشاعت اخبارات و الیکٹرانک میڈیا)
6. کمپیوٹر سیل / ویب ڈویلپر (برائے ویب سائٹ)۔
7. دفتری تقسیم، بورڈ ہذا۔

اسسٹنٹ سیکرٹری (میٹنگز)
برائے سیکرٹری

CamScanner